# سرگودھا بورڈ 2023ء

## معروضی طرز

1223 انٹر پارٹ (I) — وارننگ: اس سوالیہ پرچہ میں مختص جگہ پر اپنا رول نمبر لکھ کر دستخط کریں۔ — رول نمبر:__________

اصول معاشیات — (سیشن 2019-21 to 2022-24) — پرچہ (I) — دستخط اُمیدوار:__________

وقت: 20 منٹ — PAPER CODE : 2541 — کل نمبر: 15

**نوٹ:** ہر سوال کے چار ممکنہ جوابات A، B، C اور D دیے گئے ہیں۔ جوابی کاپی پر ہر سوال کے سامنے دیے گئے دائروں میں سے درست جواب کے مطابق متعلقہ دائرہ کو مارکر یا پین سے بھر دیجیے۔ ایک سے زیادہ دائروں کو پُر کرنے یا کاٹ کر پُر کرنے کی صورت میں مذکورہ جواب غلط تصور ہوگا۔ جوابی کاپی کے دونوں اطراف اس سوالیہ پرچہ پر مطبوعہ PAPER CODE درج کر کے اس کے مطابق دائرے پُر کریں، غلطی کی صورت میں تمام تر ذمہ داری طالب علم پر ہوگی۔ انک ریموور یا سفید فلیوڈ کا استعمال ممنوع ہے۔

**Note:** You have four choices for each objective type question as A, B, C and D. The choice which you think is correct, fill that circle in front of that question number. Use marker or pen to fill the circles. Cutting or filling up two or more circles will result in zero mark in that question. Write PAPER CODE, which is printed on this question paper, on the both sides of the Answer Sheet and fill bubbles accordingly, otherwise the student will be responsible for the situation. Use of ink remover or white correcting fluid is not allowed.

**سوال 1:**

| | QUESTIONS | (A) | (B) | (C) | (D) |
|---|---|---|---|---|---|
| 1 | ''دولت اقوام'' نامی کتاب کس نے لکھی؟ Who wrote the book named "Wealth of Nations": | مارشل Marshall | پیگو Pigou | آدم سمتھ Adam Smith | رابنز Robbins |
| 2 | جب مختتم افادہ صفر ہو تو کل افادہ ہوتا ہے: When marginal utility is zero, total utility is: | کم سے کم Minimum | مثبت Positve | زیادہ سے زیادہ Maximum | صفر Zero |
| 3 | کسی شے کی قیمت بڑھنے سے اس کی طلب میں کمی کو کہا جاتا ہے: Decrease in demand for a commodity due to increase in its price is called: | طلب کا پھیلنا Extension of Demand | طلب کا سکڑنا Contraction of Demand | طلب کا بڑھنا Rise of Demand | طلب کا گرنا Fall of Demand |
| 4 | شے کی وہ مقدار جو کسی ایک وقت مخصوص قیمت پر منڈی میں فروخت کے لیے پیش کی جائے: A quanitity of a commodity offered for sale at a certain price during a given period of time is called: | ذخیرہ Stock | طلب Demand | رسد Supply | مقدار طلب Quantity demanded |
| 5 | جب کل پیداوار زیادہ سے زیادہ ہو تو مختتم پیداوار: When total product is maximum then marginal production. | گر جاتی ہے Decreases | صفر ہوتی ہے is Zero | منفی ہو جاتی ہے is negative | زیادہ سے زیادہ ہوتی ہے is maximum |
| 6 | ایسے مصارف جو فرم کو عرصہ قلیل میں ہر حال میں برداشت کرنا پڑتے ہیں: The costs which a firm has to bear in every condition in the short run are called: | کل مصارف Total costs | معینہ مصارف Fixed costs | متغیرہ مصارف Variable costs | مختتم مصارف Marginal costs |

CamScanner

| No. | Question | A | B | C | D |
|---|---|---|---|---|---|
| 7 | ایک فرم اس وقت نارمل یا معیاری منافع کماتی ہے: A firm earns normal profit. | جب قیمت=اوسط مصارف When P=AC | جب قیمت>اوسط مصارف When P>AC | جب قیمت<اوسط مصارف When P<AC | جب کل حاصل> کل مصارف When TR>TC |
| 8 | عاملین پیدائش کی طلب ہوتی ہے: The demand for factors of production is. | براہ راست Direct | ماخوذ Derived | مثبت Positive | منفی Negative |
| 9 | اگر شخصی آمدنی میں سے براہ راست ٹیکس نکال دیا جائے تو حاصل ہوتی ہے: If Direct taxes are subtracted from personal income, we get. | خالص قومی آمدنی Net National income | خالص ملکی آمدنی Net Domestic income | قابل تصرف شخصی آمدنی Disposable personal income | شخصی بچتیں Personal saving |
| 10 | مشینوں کی ٹوٹ پھوٹ کے اخراجات کو کہا جاتا ہے: Expenditures of repair of machines are called. | غیر پیداواری اخراجات Unproductive expenditures | پیداواری اخراجات Productive expenditures | معاوضے Rewards | فرسودگی کے اخراجات Depreciation allowances |
| 11 | اشیا کے بدلے اشیا کے لین دین کو کہا جاتا ہے: Exchange of goods with goods is called. | ذخیرہ قدر Store of value | پیمانہ پیمائش قدر Scale of measure of value | آلہ مبادلہ Medium of Exchange | براہ راست تبادلہ Barter system |
| 12 | ایسا دھاتی زر جس کی ظاہری مالیت اس کی حقیقی مالیت سے زیادہ ہوا سے کہا جاتا ہے: The money whose face value is greater than its intrinsic value is called. | معیاری دھاتی زر Standard Metallic Money | کاغذی زر Paper Money | علامتی زر Token Money | قریبی زر Near Money |
| 13 | ایک تجارتی چکر کے ادوار ہوتے ہیں: Phases of a trade cycle are. | دو Two | تین Three | چار Four | پانچ Five |
| 14 | تقابلی برتری کا نظریہ تجارت پیش کیا: The comparative advantage Trade theory was presented by. | مارشل نے Marshall | ریکارڈو نے Ricardo | ہیکشر نے Heckshe̱r | اوہلن نے Ohlin |
| 15 | ٹیکس عائد کرنے کے اصول کس معیشت دان نے پیش کیے؟ Who presented the canons of taxation? | آدم سمتھ Adam Smith | مارشل Marshall | رابنز Robbins | کینز Keynes |

جوابات:

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| B -8 | A -7 | B -6 | B -5 | C -4 | B -3 | C -2 | C -1 |
| | A -15 | B -14 | C -13 | C -12 | D -11 | D -10 | C -9 |

## انشائی طرز

1223 انٹر پارٹ (I)    وارننگ: اس سوالیہ پرچہ پر اپنے رول نمبر کے سوا اور کچھ نہ لکھیں۔

اصول معاشیات    (سیشن 2019-21 to 2022-24)    پرچہ (I)

وقت: 2:10 گھنٹے    (حصہ اوّل)    کل نمبر: 60

**سوال 2:** درج ذیل میں سے کوئی سے چھے اجزا کے مختصر جوابات تحریر کریں۔ $6 \times 2 = 12$

**Answer briefly any Six parts from the followings.**

(i) پروفیسر الفریڈ مارشل کی بیان کردہ معاشیات کی تعریف کی چار خوبیاں تحریر کریں۔

Write down four merits of prof Alfered Marshall's definition of Economics.

جواب: 1- واضح اور جامع   2- معاشرتی علم   3- انفرادی اور اجتماعی کوششوں کا مطالعہ   4- سابقہ تعریفوں سے بہتر

1. Clear and concise
2. Social science
3. Study of individual and collective efforts
4. Better than previous definitions

(ii) پروفیسر رابنز کی بیان کردہ معاشیات کی تعریف کے چار بنیادی نکات تحریر کریں۔

**Write down four main points of Prof Robbin's definition of Economics.**

جواب: 1- ذرائع متبادل استعمال رکھتے ہیں۔ 2- ذرائع محدود ہوتے ہیں۔

3- ان خواہشات میں سے کچھ زیادہ اہم اور کچھ کم اہم ہوتی ہیں۔ 4- انسانی خواہشات لامحدود ہوتی ہیں۔

1. Sources have alternative uses. 2. Sources are limited.
3. Some of these desires are more important and some less important. 4. Human desires are infinite.

(iii) معاشیات بطور علم الهدایت سے کیا مراد ہے؟ **Illustrate the concept of Economics as a normative science.**

جواب: علم الهدایت سے مراد وہ علم ہے جس میں حالات و واقعات کو ایک خاص زاویہ نگاہ سے پرکھا جائے اور یہ فیصلہ کیا جائے کہ انہیں یوں ہونا چاہیے مثلاً غربت کی بجائے خوش حالی ہونی چاہیے، ملک کے ہر فرد کو روٹی، کپڑا اور مکان ملنا چاہیے، آمریت کی بجائے جمہوریت ہونی چاہیے۔

Normative science refers to the knowledge in which circumstances and events are examined from a particular angle and it is decided that they should be like this, for example, there should be prosperity instead of poverty, every person in the country should get bread, cloth and house. There should be democracy instead of dictatorship.

(iv) افادہ سے کیا مراد ہے؟

**What is meant by utility?**

جواب: کسی شے میں انسانی خواہش کو پورا کرنے کی خوبی، وصف یا قوت کو افادہ کہتے ہیں۔ مثلاً پانی میں پیاس بجھانے کی خوبی، روٹی میں بھوک مٹانے کی خوبی، بلب میں روشنی اور قلم میں لکھنے کی خوبی وغیرہ۔

The quality, attribute or power of fulfilling human desire in an object is called utility. For example, water quenches thirst, bread quenches hunger, light in bulb and writing quality in pen etc.

(v) مختتم افادہ کے تصور کی وضاحت کریں۔

**Illustrate the concept of marginal utility.**

جواب: کسی شے کی آخری اکائی صرف کرنے سے حاصل ہونے والا افادہ یا ایک زائد اکائی صرف کرنے سے جو کل افادہ میں تبدیلی ہو اسے مختتم افادہ کہتے ہیں۔ ہر اکائی کا اپنا اپنا الگ افادہ بھی مختتم افادہ کہلاتا ہے۔

$$\text{افادہ مختتم} = \frac{\text{کل افادہ میں تبدیلی}}{\text{شے میں تبدیلی}}$$

The utility obtained by spending the last unit of an item or the change in the total utility by spending one more unit is called marginal utility. Each unit has its own separate function is also called marginal utility.

$$\text{Marginal utility} = \frac{\text{Total utility of change}}{\text{Goods change}}$$

(vi) قانون مساوی افادہ مختتم کی تعریف کریں۔

**State the law of Equi-Marginal utility.**

جواب: زیادہ سے زیادہ افادہ حاصل کرنے کے لیے ایک صارف کو اپنی محدود رقم مختلف اشیاء پر اس طرح خرچ کرنی چاہیے کہ اسے ہر شے سے یکساں مختتم افادہ حاصل ہو اسے قانون مساوی افادہ مختتم کہتے ہیں۔

In order to get the maximum benefit, a user should spend his limited money on different items in such a way that he gets the same end-benefit from each item is called equi-marginal utility.

(vii) خط طلب کے منفی جھکاؤ کی تین وجوہات تحریر کریں۔

**Write down three causes of negative slope of demand curve?**

جواب: 1- خریداروں کی تعداد میں کمی یا اضافے کی وجہ سے 2- آمدنی میں اضافے یا کمی کی وجہ سے 3- استبدالی اثر

1. Due to increase or decrease in the number of buyers.
2. Due to increase or decrease in income 3. Transfer effects

(viii) تکمیلی اشیاء سے کیا مراد ہے؟

**What is meant by complementary goods?**

جواب: ایسی اشیاء جو کسی انسانی خواہش کو پورا کرنے کے لیے اکٹھی طلب کی جاتی ہیں تکمیلی اشیاء کہلاتی ہیں، مثلاً بلا اور گیند وغیرہ۔

Items that are demanded together to fulfil a human desire are called complementry goods, for example ball and bat etc.

(ix) رسد اور ذخیرہ میں فرق بیان کریں۔

**Differenciate between supply and stock.**

جواب: رسد: رسد سے مراد ذخیرہ کا وہ حصہ ہوتا ہے جسے فروخت کار ایک مخصوص قیمت پر فروخت کرنے کے لیے پیش کرتے ہیں۔

ذخیرہ: کسی ایک وقت میں کسی شے کی وہ کل مقدار جو منڈی میں فروخت کاروں کے پاس موجود ہوتی ہے اسے ذخیرہ کہتے ہیں۔

**Supply:** Supply refers to the part of the stock that the sellers offer to sell at a certain price.
**Stock:** The total quantity of an goods at a given time that the sellers have in the market is called stock.

CamScanner

$6 \times 2 = 12$ **سوال 3:** درج ذیل میں سے کوئی سے چھے اجزا کے مختصر جوابات تحریر کریں۔

**Answer briefly any Six parts from the followings:-**

**Define total production.** **(i) کل پیداوار کی تعریف بیان کیجیے۔**

جواب: استعمال کی جانے والی محنت کی تمام اکائیوں کی مدد سے حاصل ہونے والی پیداوار کو کل پیداوار کہا جاتا ہے۔

Production that is supported by all the units of labour used is called total production.

**Define law of decreasing returns.** **(ii) قانون تقلیل حاصل کی تعریف کریں۔**

جواب: اگر عمل پیدائش میں معینہ عامل پیدائش کے ساتھ متغیر عاملین کی اکائیوں میں اضافہ کیا جائے تو کل پیداوار میں اضافہ اکائیوں کی نسبت کم ہو جس کے نتیجہ میں مختتم پیداوار گرتی چلی جاتی ہے تو مختتم پیداوار گرنے کے اس رجحان کو قانون تقلیل حاصل کہتے ہیں۔

If the units of the variable factors are increased with the specific factor of production in the process of production, then the increase in total production is less than the units. As a result of which the marginal product keeps falling, then this trend of falling marginal product is called the law of diminishing returns.

**Define firm.** **(iii) فرم کی تعریف بیان کیجیے۔**

جواب: فرم ایک تنظیمی اکائی ہوتی ہے جو کسی کاروبار کو کنٹرول کرتی ہے۔ فرم کے فرائض کاروبار کی بنیاد ڈالنے سے لے کر منافع حاصل کرنے تک پھیلے ہوتے ہیں۔ فرم کی مثال باٹا شو کمپنی وغیرہ ہیں۔

A firm is an organizational unit that controls a business. The firm's duties range from founding a business to making a profit. Example of firm is bata shoe company.

**Define total cost.** **(iv) کل مصارف کی تعریف کریں۔**

جواب: عرصہ قلیل میں کل مصارف معینہ مصارف اور متغیرہ مصارف کے مجموعے کے برابر ہوتے ہیں۔

معینہ مصارف + متغیرہ مصارف = کل مصارف

In a short period of time, total cost, are equal to the sum of fixed cost and variable cost.

Fixed cost + Variable cost = Total cost

**What is meant by natural resources?** **(v) قدرتی ذرائع سے کیا مراد ہے؟**

جواب: وہ تمام اشیاء جو قدرت کی طرف سے بطور عطیہ ملی ہیں قدرتی ذرائع یا قدرتی وسائل کہلاتی ہیں مثلاً پہاڑ، جنگلات، دریا وغیرہ۔

All the commodities that are given as a gift by nature are called natural resources. For example mountains, forests, river etc.

**Define Orginization.** **(vi) تنظیم کی تعریف کریں۔**

جواب: اشیاء پیدا کرنے کے لیے تینوں عاملین پیدائش یعنی زمین، محنت اور سرمائے کو باہم ملا کر ان سے کام لینے کے لیے جس عامل پیدائش کی ضرورت ہوتی ہے اسے تنظیم یا آجر کہتے ہیں۔

The three factors of creation in order to produce things, the factors of creation that are required to combine land, labor and capital are called organization or employer.

**What is meant by normal profit?** **(vii) معمولی منافع سے کیا مراد ہے؟**

جواب: معمولی منافع سے مراد وہ منافع ہوتا ہے جو کسی فرم کو صنعت میں ٹھہرے رہنے پر رغبت دلانے کے لیے کافی ہو۔

Normal profit is the profit that is enough to motivate a firm to stay in the industry.

**Define short run.** **(viii) عرصہ قلیل کی تعریف کیجیے۔**

جواب: عرصہ قلیل سے مراد وہ وقت لیا جاتا ہے جس میں فرم اپنی جسامت کو تبدیل نہیں کر سکتی یعنی اس عرصہ میں کارخانہ کا سائز اور نصب شدہ مشینوں کی تعداد میں تبدیلی نہیں کی جا سکتی گویا اس کی پیداواری صلاحیت معینہ رہتی ہے۔

Short run refers to the time during which the firm cannot change its size, i.e. the size of the factory and the number of machines installed cannot be changed during this period as if its production capacity is fixed.

**Give two examples of perfect competition firm.** **(ix) مکمل مقابلہ کی فرم کی دو مثالیں پیش کریں۔**

جواب: 1- شے کی اکائیوں میں یکسانیت 2- آزادانہ داخلہ

1. Homogeneity of product 2. Free Entry

$6 \times 2 = 12$ **سوال 4:** درج ذیل میں سے کوئی سے چھے اجزا کے مختصر جوابات تحریر کریں۔

**Answer briefly any Six parts from the followings:-**

**What is meant by Modern theory of trade cycle?** **(i) تجارتی چکر کے جدید نظریہ سے کیا مراد ہے؟**

جواب: جدید ماہرین معاشیات پروفیسر جے آر ہکس اور پروفیسر سیموئل سن تجارتی چکروں کی تشریح ضارب اور اسراع کے باہمی عمل کی مدد سے کرتے ہیں۔

Modern economists prof J.R.Hicks and Prof Samuelson explain the trade cycle with the help of the interaction between multiplier and acceleration.

CamScanner

(ii) موافق توازن تجارت سے کیا مراد ہے؟ What is meant by favourable balance of trade?

جواب: اگر ایک ملک سال بھر میں زیادہ مالیت کی مرئی اشیاء برآمد کرے اور کم مالیت کی مرئی اشیاء درآمد کرے تو اس کا توازن تجارت موافق یا فاضل یا مثبت کہلائے گا۔

If a country exports more valuable goods and imports less valuable goods throughout the year its trade balance will be considered favourable or positive.

(iii) سرکاری مالیات سے کیا مراد ہے؟ What is meant by public finance?

جواب: سرکاری مالیات معاشیات کی اس شاخ کا نام ہے جس کا تعلق حکومت کی آمدنی اور اخراجات سے ہوتا ہے۔ اس میں ان امور کا جائزہ لیا جاتا ہے کہ حکومت اپنی آمدنی کن ذرائع سے حاصل کرتی ہے اور کیسے خرچ کرتی ہے۔

Public finance is the branch of economics that deals with government revenue and expenditure. It examines the sources of government revenue and how it spends it.

(iv) قابل تصرف شخصی آمدنی کی تعریف لکھیں۔ Define disposable personal income.

جواب: اس سے مراد شخصی آمدنی کا وہ حصہ ہوتا ہے جو براہ راست ٹیکسوں کی ادائیگی کے بعد کسی شخص کے پاس باقی بچ رہے ہوں جسے وہ اپنی مرضی کے مطابق استعمال کرنے کا کلی اختیار رکھتا ہو۔

This refers to the portion of personal income that is left to a person after direct payment of taxes, which he has the direction to use at will.

(v) فرسودگی اخراجات سے کیا مراد ہے؟ What is meant by depreciation allowances?

جواب: مشینیں، اوزار اور آلات وغیرہ کی مرمت کے اخراجات کو فرسودگی اخراجات کہتے ہیں۔

The cost of reparing machine tools and equipment is called depreciation allowance.

(vi) قومی آمدنی کی پیمائش کے طریقے لکھیں۔ Describe methods of measuring National income.

جواب: 1- آمدنی کا طریقہ 2- پیداوار کا طریقہ 3- خرچ کا طریقہ

1. Method of income 2. Method of production 3. Method of expenditure

(vii) بدل پذیر کاغذی زر سے کیا مراد ہے؟ What is meant by convertible paper money?

جواب: ایسا کاغذی زر جو ملک کے معیاری دھاتی زر (سونے، چاندی یا زر مبادلہ) کے بدلے میں تبدیل کرایا جا سکے بدل پذیر کاغذی زر کہلاتا ہے۔

Paper money that can be exchanged for the country's standard metal currency (gold, silver or foreign exchange) is called convertible paper money.

(viii) گردش زر سے کیا مراد ہے؟ What is meant by velocity of Money?

جواب: زر کی وہ مقدار جو ایک ہاتھ سے دوسرے ہاتھ کو منتقل ہوتی ہے زر کی گردش کہلاتی ہے۔

The amount of money that is transferred from one hand to the other is called the circulation of money.

(ix) عمدہ زر کے چار اوصاف لکھیں۔ Write four characteristics of good money.

جواب: 1- یکسانیت 2- قدر کا مستحکم ہونا 3- نقل تیار نہ ہو سکے 4- پائیداری

1. Uniformity 2. Stability of value 3. Could not copy 4. Sustainability

## (حصہ دوم)

**سوال 5:** قانون رسد کی وضاحت بذریعہ گوشوارہ اور ڈائیگرام کی مدد سے کیجیے۔

**Explain the law of supply with the help of schedule and diagram.**

**سوال 6:** مکمل مقابلے کے تحت اوسط وصولی اور مختتم وصولی کے خطوط کی وضاحت کریں۔

**Explain average revenue and marginal revenue curves under perfect competition.**

**سوال 7:** مکمل مقابلہ کے تحت عرصہ طویل میں فرم کی پیداوار اور قیمت کا تعین کیسے ہوتا ہے۔ وضاحت کریں۔

**Determine the price and output of the firm in long run under perfect competition.**

**سوال 8:** زر کی تعریف لکھیں اور زر کی اقسام تحریر کریں۔

**Define Money and write-down the kinds of Money.**

**سوال 9:** بین الاقوامی تجارت کے فوائد تحریر کیجیے۔

**Write down advantages of international trade.**

CamScanner